گویا شاعر بالکل ٹھیک کہہ رہے ہیں کیونکہ انسان کا اپنا عمل ہی اس کی کامیابی کی راہ کا دروازہ ہوتا ہے جس کی چابی اس کے اپنے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ بہر حال ہمارا موضوع تو میڈیا کا معاشرے پر براثر ہے تو اس میں سب سے اہم کردار والدین کا کردار ہے جو معاشرے میں سب سے زیادہ اہم ہے آخر کیوں؟ وجہ یہ ہے کہ والدین اگر بچپن سے ہی صحیح چیزوں کا درست استعمال سکھائیں مثال کے طور پر اگر اچھی چیزیں جیسے کوکنگ کلاسز، قرآنی کلاسز، اسلامی لیکچرز یا سبق آموز دستاویزی پروگرامز دیکھیں تو بچوں کے اذہان پر اچھے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ اس طرح ہم میڈیا کا اچھا استعمال کریں تو میڈیا بھی ہمارے لیے مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ اب بات کرتے ہیں میڈیا کی اصل برائی جس کی وجہ سے لوگ اپنے اندر کی الجھن کو ختم نہیں کر پاتے اور برے سے برے گناہوں کو اپنانے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں۔ تو ایسا بھی کیوں ہوتا ہے؟ کیا ہمیں اچھے اور برے میں تفریق کرنا نہیں آتی یا ہمارے اندر کا سکون صرف برائی کی چاہت رکھتا ہے؟ دراصل لوگوں کو وہ چیزیں اتنی اچھی نہیں لگتیں، مگر دوسروں کی دیکھا دیکھی میں لوگ غلط کام کر بیٹھتے ہیں اور ان کے ارادے بھی پختہ نہیں رہتے۔ جس کی وجہ سے ہم زندگی کے اصل فیصلوں میں گھبرا جاتے ہیں اور مزید غلطیوں کا ارتکاب کر بیٹھتے ہیں۔ کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے۔۔۔

ارادے جن کے پختہ ہوں، نظر جن کی خدا پر ہو
طلاطم خیز موجوں سے وہ گھبرایا نہیں کرتے

بالکل سچ کہا گیا ہے کیوں کہ ہم مسلمانوں کو ایسی مصیبت سے ڈرنا نہیں چاہیے بلکہ اس کے مقابلے میں پوری کوشش کرنی چاہیے اور اس کے لئے ہمارے ارادے پختہ ہونا بہت ضروری ہے تبھی ہم اپنے مستقبل کو محفوظ کر سکتے ہیں۔ تو ہمارا ارادہ یہ ہونا چاہیے کہ ہم شر اور گناہ سے بچیں۔ اور ہم اگر میڈیا کا استعمال کریں بھی تو برے مواد کو نظر انداز کر دیں۔ شاعر نے بھی یہی کہا ہے

فرشتے سے بہتر ہے انسان بننا
مگر اس میں پڑتی ہے محنت زیادہ

ہمیں اس شعر کی مثال کو سمجھنے کے لئے بہت سی شخصیات ملتی ہیں جنہوں نے دنیا کو چھوڑ کر یا دنیا کے ذرائع ابلاغ کا صحیح استعمال کر کے دنیا میں کامیابی حاصل کی ہے کچھ انگریز اور غیر مسلم بھی تھے جو انہی ذرائع کا استعمال کر کے مشہور ہوئے اور ان میں سے بہت سے ادباء اور شعراء کی کتب باآسانی مختلف ویب سائیٹ کے ذریعے پڑھی جا سکتی ہیں، مختلف اسکالرز کے بیانات یوٹیوب چینل پر دیکھے اور سنے جاسکتے ہیں، ٹیلی ویژن کے ذریعے معلوماتی پروگرام دیکھے جاسکتے ہیں اور حالات سے باخبر رہنے کے لیے خبر نامہ دیکھا جاسکتا ہے جو ہمارے لیے مفید ہے۔ دوسروں سے بات چیت کرنی ہو، موسم کا حال دیکھنا ہو یا پھر دیگر ممالک کے حالات اور رسم ورواج کے بارے میں آگاہی حاصل کرنی ہو اس کے لیے بس ایک انگلی کی جنبش ہی کافی ہے۔ ہمیں بھی اگر میڈیا سے قریب ہونے کا شوق ہے اگر ہمیں اس کا تفریحی مواد اچھا لگتا ہے تو اس کے ساتھ ساتھ ہمیں اچھے کام بھی کرنے چاہئیں جس سے دوسروں کو فائدہ ہو اور ہمیں بھی سہولت ملے۔

روشانے فاطمہ، ہشتم سی

---

# شہری زندگی بمقابلہ دیہی زندگی

اک اور کھیت پکی سڑک نے نگل لیا
اک اور گاؤں شہر کی وسعت میں کھو گیا

ترقی کرتے مشینی دور نے آج سے کئی برس قبل قائم کردہ دیہی علاقوں کو بدلنا شروع کر دیا اور یوں شہری علاقے دیہاتوں تک پھیلنے لگے۔ صنعتوں کے قیام نے دیہات کو سکیڑ کر رکھ دیا ہے لیکن ہمارے زندگی کے طور طریقے آج بھی ہمارے ہاتھ میں ہیں۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ ترقی کی دوڑ میں شامل انسان جدید سہولیات بھی چاہتا ہے اور ذہنی سکون بھی، بٹن دبا کر دنیا کے دوسرے کونے میں بیٹھے انسان سے بات چیت اور کسی بھی چیز تک رسائی اب جان جوکھوں کا کام نہیں، لیکن سکون، جذبات اور احساسات سے محروم ہوتا انسان سب پس پشت ڈال کر دنیا کے ساتھ دوڑ رہا ہے۔ شہر ہو یا دیہات، ہر جگہ پر رہنے اور معمولاتِ زندگی اپنانے کے اپنے فوائد و نقصانات ہیں۔ بلاشبہ آپ اس بات سے اتفاق کریں گے کہ شہری زندگی کے بہت سے فائدے ہیں یہی وجہ ہے کہ جوق در جوق لوگ اپنے آبائی علاقوں کو چھوڑ کر شہروں کا رخ کر رہے ہیں۔ وہ کونسی سہولیات ہیں جو شہروں میں دستیاب نہیں، انٹرنیٹ سے لے کر ہر اہم اشیاء تک ہر سہولت یہاں پر موجود ہے جس کے لیے آپ اپنے مشکل سے مشکل ہدف لمحوں میں حاصل کر لیں گے۔ جدید ریسٹورنٹ، کمیونٹی سینٹر یا کاروباری نمائش ہو یا مختلف تخلیقی سرگرمیاں سب شہری علاقوں کا خاصہ ہیں۔ شہروں میں آمد ورفت کی سہولت ان لوگوں کیلئے بے حد کار آمد ثابت ہوتی ہے جن کی پاس ذاتی سواری جیسی سہولت میسر نہیں، اسی طرح کاروں کی ملکیت رکھنے والے شہریوں کے لیے مختلف مواصلاتی ذرائع کے ذریعے عام عوام کو سفری سہولیات پیش کرنے جیسی سروس بھی موجود ہے۔ جس سے نا صرف شہریوں کی آمدنی میں اضافہ ہو رہا ہے بلکہ ملک میں جدید ٹرانسپورٹ کی کمی بھی پوری ہو رہی ہے۔ اس کے علاوہ اکثر دیہی علاقے آج بھی جدید عصری تعلیم جیسی سہولیات سے محروم ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دیہی علاقوں میں ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علم اعلٰی تعلیم جیسی سہولیات حاصل کرنے کیلئے شہری علاقوں کا رخ کرتے ہیں۔

سہولیات اور جدید طرز زندگی کے برعکس شہر میں رہنے کے کچھ ایسے نقصانات ہیں جو بظاہر ہمیں نقصان معلوم نہیں ہوتے یا ہم انہیں یکسر نظر انداز کر دیتے ہیں۔ بھاگ دوڑ اور وقت کی کمی کی شکایات سے شہر میں رہنے والا ہر شخص دوچار ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر شخص جلدی میں دکھائی دیتا ہے اور اپنے کاموں کو مکمل کرنا اسکی اولین ترجیح ہوتی ہے، اسپتال ہو یا شاپنگ مال عام بازار ہو یا کوئی شاہراہ غرض کہ تمام مقامات پر ہجوم دکھائی دیتا ہے۔ بڑھتی ہوئی مہنگائی اور موجودہ حالات کے پیش نظر جس طرح باقی ضروریات زندگی پر اثر انداز ہو رہی ہے وہیں شہری علاقوں میں رہائش اختیار کرنے افراد کے لیے متعدد مسائل موجود ہیں کیونکہ رہائش گاہوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرتی ہوئی معلوم ہوتی ہیں۔ شہری زندگی میں جہاں لوگ مہنگائی اور ٹریفک حادثات جیسے حالات سے متاثر ہو رہے ہیں وہیں کسی حد تک لوگ نفسیاتی مسائل کا شکار بھی ہوتے جا رہے ہیں۔ تیز تر معمولات زندگی بے سکونی اور بے اعتباری جیسے مسائل کسی بھی نارمل انسان کے لیے نفسیاتی الجھن کا سبب بنتے ہیں۔

وہ جو میرے گاؤں کے کھیتوں میں بھوک اگنے لگی
میرے کسانوں نے شہروں میں نوکری کر لی

شہروں سے دور گاؤں یا دیہات میں رہنے کی بات کی جائے تو بہت سے فوائد انسان کے ذہن میں اپنی جگہ بنا لیتے ہیں۔ دیہی علاقوں کی سب سے بڑی خصوصیات انکی صاف شفاف آب و ہوا اور ماحول ہے جہاں سانس لینے میں دشواری نہیں بلکہ تازگی کا احساس ہوتا ہے۔ گاؤں میں زیادہ تر گھر کشادہ تعمیر کیے جاتے ہیں کمرے، کشادہ صحن، برآمدے دیہاتی ماحول کا خاصہ ہیں۔ شور شرابے اور آلودگی سے پاک گھر ذہنی سکون اور آرام کا باعث ہیں۔ پر ہجوم شہری ماحول کے برعکس جہاں متعدد لوگ ایک دوسرے سے اجنبیت برتتے دکھائی دیتے ہیں وہیں دیہات کے لوگ ایک دوسرے کے قریب اور مضبوط باہمی روابط میں بندھے ہوئے ہوتے ہیں۔ آبادی کے کم ہونے سے لوگ ایک دوسرے کو جاننے اور پہچاننے میں مشکل سے دوچار نہیں ہوتے۔ ٹیلی ویژن، کیبل، انٹرنیٹ سے دور رہنے والے لوگ ایک دوسرے کے دکھ درد میں بھرپور شرکت کرتے ہیں۔ پر سکون اور صاف ستھرے ماحول سے ہٹ کر دیکھا جائے تو دیہی علاقے متعدد سہولیات سے محروم دکھائی دیتے ہیں۔ شہر سے دور علاقوں میں موبائل انٹرنیٹ اور ٹیلویژن جیسی سہولیات کا ناکافی ہونا وہاں کے رہائشیوں کے لیے اکثر و بیشتر مشکلات کا باعث بنتا ہے۔ شہر کے مضافاتی علاقے اعلیٰ تعلیمی اداروں سے محروم ہوتے ہیں۔ جس کے باعث اسکول میں تعلیم مکمل کرنے والے طالب علموں کو شہروں کا رخ کرنا پڑتا ہے۔ یہی حالات ملازمت پیشہ افراد کو بھی درپیش ہوتی ہے۔ دریاؤں اور ندی نالوں کے قریب آباد دیہات کو موسم برسات میں سیلابی صورتحال کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ جس کے باعث مال مویشی کھو جانے سے رہائش پذیر خاندانوں کو شدید نقصانات کا سامنا رہتا ہے۔ بہر حال ہر جگہ کے اپنے ہی فوائد اور نقصانات ہوتے ہیں دیکھا جائے تو شہری زندگی نہ اتنی سہل ہے اور نہ ہی دیہی زندگی پر دونوں میں آباد لوگ اپنی اسی طرزِ رہائش اور بود و باش کے عادی ہو جاتے ہیں اور اسی کی خوب صورتی سے لطف اندوز بھی ہوتے ہیں

گاؤں کی آنکھ سے بستی کی نظر دیکھ
ایک ہی رنگ ہیں دنیا کو جدھر سے دیکھ

حریم خالد، ہشتم بی

# خلوص گم ہو گیا

ہمارے ہاں سے خلوص گم ہو گیا ہے_ اس کی عمر تقریبا سو سال ہے، بڑھاپے کی وجہ سے کافی کمزور ہو گیا ہے اور خود غرضی سے نااتفاقی کی بنا پر گھر سے ناراض ہو کر چلا گیا ہے۔ اس کے بارے میں خیال ہے کہ موقع پرست انسانوں کی وجہ سے ادھر ادھر ہو گیا ہے اسے آخری بار ہمدردی کے ساتھ دیکھا گیا تھا تب سے ان دونوں کی کوئی خبر نہیں اس کے بھائی اخوت اور سخاوت بہت پریشان ہیں اس کی بہن حب الوطنی کا تو کچھ نہ پوچھیے، اس کے دوست محبت اور مہربانی اس کی تلاش میں خود کھو گئے ہیں، اس کی غیر موجودگی میں شر پسندوں نے تعصب اور ہوس کے ساتھ مل کر تباہی مچا رکھی ہے۔ اس کی جڑواں بہن شرافت کا انتقال ہو گیا ہے، شرافت کے غم میں حیا بھی مر گئی ہے۔ اس کی ماں انسانیت شدید بیمار ہے۔ آخری بار اپنے جگر گوشے خلوص کو دیکھنا چاہتی ہے۔ جس کو ملے برائے مہربانی اس کی ماں کے پاس پہنچا دے یا اگر خلوص خود پڑھے تو واپس آجائے یہ اس کا ہم سب پر احسان ہو گا۔

فاطمہ صدیقی، ہشتم ڈی

---

# ابھی تکمیل باقی ہے

صبح کا سہانا منظر تھا۔ چڑیائیں چہچہا رہیں تھی۔ پودوں پر پڑی شبنم قطروں میں ڈھل رہی تھی یہ منظر شاہ ہاؤس کے باغ کا ہے۔ باغ میں بہار اور اندر گھر کی رونق ایک مکمل منظر تشکیل دیتے ہیں۔ اس گھر کی صبح تلاوت قرآن پاک سے ہوتی ہے جو اس گھر کے مکین ایک کمرے میں جمع ہو کر کرتے ہیں۔ آج بھی حسب معمول یہی منظر تھا، تلاوت کر کے سب باتوں میں مصروف تھے جب شاہ زیب صاحب نے اریبہ کی خاموشی محسوس کی اور پوچھا:

"خیریت ہے اریبہ؟ اتنی چپ کیوں ہو؟"

اریبہ بولی: ابو میں کل پارٹی میں گئی تھی آپ تو جانتے ہی ہیں کہ آج کی نوجوان نسل کیسی ہے؟ وہاں کے حیا سوز مناظر دیکھ کر تو میں دنگ رہ گئی۔ اور جب میں نے منع کرنے کی کوشش کی تو سب میرا مذاق اڑانے لگے حتٰی کہ میری سہیلیاں بھی میرا ساتھ چھوڑ گئیں۔

اریبہ بول چکی تو شاہ زیب صاحب نے بولنا شروع کیا: قرآن میں جتنے بھی واقعات ہیں سب مختلف حصوں میں بیان ہوئے ہیں مگر ایک واقعہ ہے جو بغیر کے تسلسل سے بیان ہوا ہے، وہ سورت یوسف میں حضرت یوسف علیہ السلام کا واقعہ ہے

"شاہ زیب صاحب چند لمحوں کا توقف کر کے دوبارہ گویا ہوئے اور بولے: اور پتہ ہے یہ سورت کب نازل ہوئی؟

جب آپ ﷺ خدیجہؓ اور ابو طالب کی جدائی کے غم سے نڈھال تھے اس سورت نے آپ ﷺ کے زخموں پر مرہم کا کام دیا تھا کہ دین کی ترویج کے لیے جدائی کے صدمے تو سہنے پڑتے ہیں جیسے یعقوبؑ نے یوسف علیہ السلام کی جدائی کا صدمہ سہا، اپنوں کے دیے گئے غم بھی برداشت کرنے پڑتے ہیں جیسے یوسف علیہ السلام نے غم برداشت کیے۔ اور انہی آزمائشوں کی بھٹیوں سے سونا کندن بن کر نکلتا ہے اور ایسی چمک لے کر کہ دیکھنے والوں کی آنکھیں چندھیا جاتی ہیں۔

بس بیٹا جب کبھی ایسی صورتحال سے دوچار ہو تو یہ واقعہ اور اس کے نزول کا پس منظر یاد کر لینا اپنی مشکل، مشکل نہیں لگے گی اور امید بندھ جائے گی، کہ پوری سورت امید دیتی ہے اپنوں سے کبھی ملنے کی امید، ان کے راہ راست پر آنے کی امید۔ بس، کبھی مایوس مت ہونا

اریبہ کے دل کا غبار ہلکا ہو چکا تھا اور وہ اک عزم نو کے ساتھ ناشتے کے لیے اٹھ کھڑی ہوئی۔

زینب ہدیٰ، ہشتم سی

# کراچی کا نوحہ ایک طالبہ کے قلم سے۔۔۔۔۔۔۔

کراچی کے مسائل دیکھے جائیں تو شہر کراچی میں کوئی جگہ ایسی نہیں جہاں پر مکمل ضروریات زندگی موجود ہوں۔

دو کروڑ سے زائد آبادی والا یہ شہر ہر سال بارشوں کی وجہ سے سیلابی صورتحال کا سامنا کرتا ہے۔ کراچی کے بیشتر علاقوں میں پانی کے گزرنے کے لیے یا تو نالے موجود نہیں یا بہت ناقص ہو چکے ہیں اور شہر کا کچرا نالوں میں پھینک دیا جاتا ہے، اس کے علاوہ بے ڈھنگی طرز پر بنی گلیاں پانی کو ایک جگہ روک لیتی ہیں جس کی وجہ سے شہر کی کئی سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں اکثر بارشوں میں زیرِ آب آتی ہیں۔ کراچی میں دس ہزار کلومیٹر سے زیادہ طویل سڑکوں کا جال موجود ہے جس کا زیادہ حصہ خستہ حال ہے جس کے باعث ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا ہے۔ اور ایسی سڑکوں پر گاڑی چلانا بڑا اور کڑا امتحان ہے، جس میں منٹوں کا سفر گھنٹوں میں تبدیل ہو جاتا ہے تاہم سڑکوں کی تباہ حالی کی وجہ سے لاکھوں شہریوں کا روزانہ متاثر ہونا صوبائی حکومت اور متعلقہ اداروں کی نااہلی و ناقص کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ شہر کی صورتحال اتنی خراب ہے کہ ناکارہ اور خراب گاڑیوں کا استعمال عمل میں لایا جا رہا ہے۔ گاڑی کی رفتار میں تو غیر معمولی اضافہ کروالیا جاتا ہے لیکن گاڑی روکنے کے لیے بریکس ہی نہیں لگوائی جاتیں اور یہ غفلتیں اکثر جان لیوا ثابت ہوتی ہیں۔ مزید یہ کہ عوام ہو یا ادارے کسی کو یہ واضح نہیں کہ شہر کے کس علاقے اور ضلع میں کچرا اٹھانا کس کی ذمہ داری ہے۔ تفصیلات کے مطابق بلدیاتی اداروں کی نااہلی کے باعث شہر میں کئی سالوں سے صفائی کا نظام درہم برہم ہے جس کے سبب ماحولیاتی آلودگی میں غیر معمولی اضافہ ہو رہا ہے جس کی وجہ سے انسانی زندگیاں متاثر ہو رہی ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ کراچی کا حلیہ بگاڑنے میں سرکاری اداروں اور سیاسی جماعتوں کا کلیدی کردار ہے۔ مگر افسوس اس بات پر ہے کہ ان سب مسائل کے باوجود بھی متعلقہ افسران کے کان نہیں دھرتے۔

شہر کراچی کو ایک بااختیار مقامی حکومت کی ضرورت ہے مگر موجودہ صورتحال میں بلدیاتی اصلاحات کی ایک مؤثر تجویز کے بغیر تبدیلی واقع نہیں ہو سکتی۔ وقت کا تقاضہ ہے کہ شہر کراچی میں منصوبہ بندی کے تحت بنیادی انتظامی معاملات میں بہتری لائی جائے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت اور متعلقہ ادارے شہریوں کی حالت پر رحم کریں اور تباہ حال سڑکوں کی فی الفور مرمت و تعمیر کو یقینی بنائیں اس کے ساتھ ساتھ ناکارہ اور خراب گاڑیوں کا استعمال مسترد کیا جائے تاکہ آلودگی اور ٹریفک کے اژدھام سے بچا جا سکے نیز ٹریفک سگنلز کے نظام میں بہتری لائی جائے اور ٹریفک قوانین توڑنے والوں پر چالان عائد کیا جائے تاکہ حادثات سے بچا جا سکے۔ نکاسی آب کے نظام میں بہتری لائی جائے یعنی کہ کراچی کے نالوں کی صفائی اور چوڑائی کو بحال کرنا، کچرا اٹھانے اور تلف کرنے کا بہتر نظام بنایا جائے، بااختیار مقامی حکومت اور استحکام کو مد نظر رکھتے ہوئے شہری منصوبہ بندی کریں۔ نشیبی علاقوں کی حدود میں بننے والی تعمیرات کو ختم کرتے ہوئے رہائشیوں کو متبادل رہائش فراہم کرنا ضروری ہے نیز شہر کی صفائی پر خاص توجہ دینا ضروری ہے تاکہ مہلک بیماریوں کے پھیلاؤ سے بچا جا سکے۔

شہر کے حالات اور انتظامیہ کی حالت اتنی خستہ حال ہے کہ صحیح اقدامات ہونا ایک خواب لگتا ہے۔ بہر حال مجھے پوری امید ہے کہ جلد ہی شہر اچھے ہاتھوں میں ہوگا اور کراچی کے لوگ بھی سکون کا سانس لیں گے۔ انشااللہ

فاطمہ نوید، ہشتم سی

# اقبال روح دین کا شناسا

آج میری تحریر کا موضوع پاکستان کی وہ عظیم شخصیت ہیں جنہیں شاعر مشرق، حکیم الامت، مفکر پاکستان، مرد مومن جیسے القابات سے نوازا گیا۔ جی ہاں! ڈاکٹر محمد علامہ اقبال جو پاکستان کے قومی شاعر مانے جاتے ہیں۔ 9 نومبر 1877 کو اقبال نے نہیں بلکہ ایسی شخصیت نے جنم لیا جو آج کے دور میں ایک عظیم ہستی مانی جاتی ہے۔

اللہ نے رسالت کا سلسلہ آپ ﷺ پر ختم کر دیا اور اس بات کو قرآن پاک میں واضح کر دیا کہ اب کوئی پیغمبر نہیں بھیجا جائے گا۔ اس لیے اب اسلام کی تبلیغ کی ذمہ داری امت محمدی ﷺ کی ہے جو کہ قرآن میں کچھ اس طرح بیان کی گئی۔

"دنیا میں وہ بہترین گروہ تم ہو جسے انسانوں کی تربیت و اصلاح کے لئے میدان میں لایا گیا۔
تم نیکی کا حکم دیتے ہو، برائی سے منع کرتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔"

اور اقبال نے اپنی اس ذمہ داری کو اپنی شاعری کے ذریعے نبھانے کی بھرپور کوشش کی۔ اگر یہ کہا جائے کہ اقبال روح دین کا شناسا ہیں تو یہ کچھ غلط نہ ہو گا کیونکہ اگر ہم قرآن کا ترجمہ و تفسیر پڑھیں اور اقبال کی شاعری کو سمجھیں تو معلوم ہو گا کہ اقبال کی شاعری دراصل قرآن کی ہی تفسیر ہے۔

اقبال کی شاعری کا مقصد مسلمانوں کو خواب غفلت سے بیدار کرنا اور انھیں اس مقصد پر لانا تھا جس کی تعلیمات کو مسلمان بھلا چکے تھے۔ اقبال مسلمانوں کو مغرب کی تہذیب سے نکال کر مشرق کی تہذیب یاد دلانا چاہتے تھے اس لئے انھوں نے اپنی شاعری میں مغربی تہذیب کو نشانہ بنایا۔

اٹھا کر پھینک دو باہر گلی میں
نئی تہذیب کے انڈے ہیں گندے

اقبال کی شاعری مومن کی پہچان، مسلمانوں کے عروج و زوال کی داستان اور شریعت کی تعلیمات سے آگاہ کرتی ہے علامہ اقبال کی مختلف منظومات مختلف موضوعات پر مبنی ہیں۔ مثال کے طور پر "خطاب بہ نوجوانان اسلام" جو مسلمانوں کا ماضی اور حال سامنے رکھتے ہوئے ان کے عروج و زوال کی داستان بیان کرتی ہے۔

کبھی اے نوجواں مسلم تدبر بھی کیا تو نے
وہ کیا گردوں تھا تو جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا

اقبال نے اپنی شاعری میں مومن کو شاہین سے تشبیہ دی ہے۔ شاہین ایک ایسا پرندہ ہے جو بے انتہا نڈر اور بہادر ہوتا ہے، کبھی آشیانہ نہیں بناتا اور اپنا شکار خود ڈھونڈتا ہے۔

شاہیں کبھی پرواز سے تھک کر نہیں گرتا
پر دم ہے اگر تو، تو نہیں خطرہ افتاد

اگر ہم آج غور و فکر کریں اور سوچیں تو یہ سوال ذہن میں ضرور اٹھے گا کہ کیا ہم نے اقبال کی شاعری کو سمجھا؟ جس کا جواب صرف نہیں ہے۔ آج ہم بڑے فخر سے سب کو بتاتے ہیں کہ ہمارے قومی شاعر علامہ اقبال ہیں لیکن اگر کبھی کسی نے یہ سوال کر لیا کہ آپ کے قومی شاعر کا مقصد کیا تھا تو ہمارا یہ وقار سے بھرا سر شرم سے جھک جائے گا کیونکہ حقیقت یہ ہے کہ ہم نے خود اقبال کی شاعری کو سمجھا ہی نہیں اور سونے پہ سہاگہ یہ کہ پاکستان بھی وہ ملک نہیں جس کا خواب اقبال نے دیکھا تھا۔ اقبال نے ایک ایسی ریاست کا خواب دیکھا تھا جہاں عدل و انصاف قائم ہو اور مسلمان اپنے دین پر عمل پیرا ہونے کے لئے آزاد ہوں مگر افسوس کہ یہ وہ ریاست نہ بن سکی۔ اگر آج ہم چاہیں تو اقبال کی شاعری کو سمجھ کر دین اسلام کو فروغ دے سکتے ہیں مگر اس کے لئے ضروری ہے کہ ہم پہلے خود اس پر عمل پیرا ہوں

نہیں ہے نہ امید اقبال اپنی کشت ویراں سے
ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی ذرخیز ہے ساقی

خود اقبال نے یہ دعوی کیا ہے کہ مجھے دیکھو کہ میں ایک برہمن زادہ ہوں مگر مجھ جیسا ہندستان میں دوسرا نہ پاؤ گے کیونکہ میں مولانا روم اور شمس تبریز کے اشاروں کو ان کے پورے معنوں کے ساتھ سمجھ لیتا ہوں یعنی روح دین کا شناسا ہوں

مرا بنگر کہ در ہندستاں دیگر نمی بینی
برہمن زادہ رمز آشنائے روم و تبریز است

سیدہ آمنہ احمد، ہشتم بی

---

## گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں

پابندی وقت کا مطلب یہ ہے کہ ہر کام کو اس کے مقررہ وقت پر سرانجام دیا جائے۔ وقت کی پابندی زندگی کے ہر شعبے میں ضروری ہے۔ کہ دنیا کا کوئی شخص خواہ وہ کسی بھی شعبے سے تعلق رکھتا ہو جب تک وقت کا پابند نہیں ہو گا، کامیابی سے ہم کنار نہیں ہو سکے گا۔ امیر ہو یا غریب، بڑا ہو یا چھوٹا، حاکم ہو یا محکوم، تاجر ہو یا مزدور، استاد ہو یا شاگرد یہ سب وقت کی پابندی کر کے ہی اپنے مقاصد میں کامیاب ہوتے ہیں۔ کسان اگر وقت کا پابند نہیں ہو گا۔ وقت پر اگر وہ فصل کے لئے زمین تیار نہیں کرتا، وقت پر بیج نہیں ڈالتا، پانی نہیں دیتا تو وہ اپنی زرخیز کھیتی سے ایک دانہ بھی حاصل نہیں کر سکتا۔

سدا عیش دوراں دکھاتا نہیں
گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں

وقت ایک چھپی ہوئی دولت ہے وقت ایک ایسی دولت ہے جس کو کوئی چور بھی نہیں چرا سکتا اور جو اس دولت کو صحیح طور پر استعمال کرنے کا گر جان لے وہ قارون سے زیادہ دولت کمانے کا گر جان لے گا۔ ہر کام اور ہر شعبہ زندگی وقت کا محتاج ہے ہم جس ترقی یافتہ متمدن قوم کو دیکھیں وہ سب وقت کی پابند ہیں ان سب کے نزدیک وقت کی اہمیت ہے وہ اپنے ہر کام کو وقت کے مطابق ڈھالتے ہیں۔

"جو لوگ وقت برباد کرتے ہیں وقت انہیں برباد کر دیتا ہے۔"

دنیا میں جن لوگوں کو وقت کی قیمتی ہونے کا احساس نہیں ہوتا وہ ترقی یافتہ معاشرے سے پیچھے رہ جاتے ہیں اور جس قوم نے وقت کی قدر نہ کی۔ وہ تباہی کا نشانہ بن جائے گی۔ اور جن لوگوں کو وقت کے قیمتی ہونے کا احساس ہوتا ہے وہ ترقی کر لیتے ہیں اور باقی ممالک سے آگے نکل جاتے ہیں۔ وقت کی پابندی نہ کرنے والوں کو چند لمحوں کی تاخیر سے بڑے بڑے اور ناقابل تلافی نقصان اٹھانے پڑتے ہیں، بڑے بڑے بادشاہ وقت کے محتاج ہوتے ہیں مشہور سکندر اعظم نے مرتے وقت کہا تھا کہ

"کوئی میری تمام سلطنت لے لیے اور مجھے جینے کے لیے چند لمحے اور دے دے۔"

## جو وقت گزر گیا اکارت
## افسوس خزانہ ہوا غارت

اللہ تعالیٰ نے دنیا میں ہر ایک چھوٹی سی چھوٹی چیز یا بڑی سے بڑی چیز کے لیے مقرر وقت رکھا ہے۔ سورج اور باقی سیارے اللہ کے حکم سے اپنی گردش پوری کرتے ہیں۔ اسی طرح اللہ نے ہمیں عبادت میں بھی وقت کی پابندی کرنے کا حکم دیا ہے۔ اسلام کے تمام ارا کین ہمیں وقت کی پابندی کا درس دیتے ہیں۔ اذان اپنے دیئے گئے وقت پر دی جاتی ہے۔ روزے ایک مخصوص مہینے میں وقت کے حساب سے ہی رکھے جاتے ہیں۔ وقت اللہ تعالیٰ کی امانت ہے جسکا ایک لمحہ بھی ضائع کرنا مجرمانہ خیانت ہے۔

ایک طالب علم کے لئے وقت کی پابندی جتنی ضروری ہے شاید ہی کسی اور کے لئے ضروری ہو۔ اگر ایک طالب علم وقت کی پابندی کرتے ہوئے صبح اُٹھے، وقت پر اسکول جائے اور اسکول کا کام باقاعدگی سے کرے اس کے کھانے پینے سونے کھیلنے اور پڑھنے کے اوقات مقرر ہوں تو وہ جسمانی طور پر بھی صحت مند ہو گا اور تعلیمی میدان میں بھی ترقی کرے گا۔ مغربی اقوام صرف اسی وجہ سے شاہراہ ترقی پر گامزن ہیں کیوں کہ اُن کے افراد شخصی طور پر وقت کے پابند ہوتے ہیں اور اپنے قیمتی وقت کا ایک لمحہ بھی ضائع نہیں کرتے ہیں۔

وقت ایک ایسی قیمتی دولت ہے جو ایک انسان کو کامیابی و بلندی تک پہنچا سکتا ہے۔ اگر وقت کی پابندی نہ کریں تو زندگی میں بہت ساری مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے مگر اگر ہم وقت کی قدر و قیمت کو جان لیں تو زندگی میں کامیاب ہو سکیں گے۔ ہمارے بڑے بڑے بزرگوں نے بھی اگر وقت پر کام سرانجام نہ دیے ہوئے تو وہ بھی ناکام ہو جاتے۔ اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہم بھی اپنا کام وقت پر کریں، وقت برباد نہ کریں۔ کیوں کہ جو لوگ وقت برباد کرتے ہیں وقت انہیں برباد کر دیتا ہے۔

ہے آج رخ ہوا کا موافق تو چل نکل
کل کی کسے خبر ہے کدھر کی ہوا چلے

جویریہ ارشد، ہشتم بی

---

## سائنس رحمت ہے یا زحمت

سائنس کے لغوی معنی علم و حکمت کے ہیں۔ اصطلاح میں اس سے مراد عالم کی علمی تحقیقات اور اس پر تفصیلی بحث ہے۔ ہوا، پانی، آگ اور روشنی وغیرہ کے عناصر کو قابو میں لا کر بنی نوع انسان کی گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ انسان کو اللہ تعالیٰ نے اس دنیا کا خلیفہ مقرر کر کے اس کو عقل و شعور کی نعمت سے نوازا ہے۔ وہی ہے جو کائنات میں اپنے رب کی تخلیق کردہ مخلوقات پر غور و فکر کرتا ہے اور اس کے بارے میں کھوج لگانے کی کوشش کرتا ہے۔ ہمارے رب نے بھی ہمیں غور و فکر کرنے کی دعوت دی ہے۔

### ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ:

"کیا یہ قران میں غور و فکر نہیں کرتے ؟ یا ان کے دلوں پر تالے لگ گئے ہیں۔"

علم سائنس در اصل تحقیق اور دریافت کرنے کے عمل کا نام ہے۔ یہ تلاش اور جستجو کا مادہ ہے۔ جس کی مدد سے انسان بہت ساری چیزوں کا علم حاصل کرتا ہے اور کائنات کے سربستہ رازوں کو جان کر حیرت انگیز کارنامے سرانجام دیتا ہے۔ اس علم کو حاصل کرنا ہر فرد پر واجب ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ:

## "کیا جاننے والے اور نہ جاننے والے کبھی برابر ہو سکتے ہیں؟"

اگر ہم علم سائنس کی طرف ایک مثبت نظریے سے دیکھیں، تو اس علم نے ہماری کایا پلٹ دی ہے۔ ایجادات جو کہ سائنس کے ذریعے کی گئیں ہیں ان کو دیکھ کر عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ سائنس کے ذریعے تہذیب کی ایک نئی دنیا نے جنم لیا ہے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ موجودہ ترقی گزشتہ ترقی سے بہتر ہے۔ زندگی کا ہر شعبہ آج سائنس سے متاثر ہو چکا ہے۔ یہ علم انسان کو بے حد سہولیات میسر کرتا ہے اور علم و راحت کا سبب ہے۔ آے دن ہزاروں نت نئی ایجادات ہوتی ہیں اور سلسلہ ختم نہیں ہوتا۔ سائنس کی تخلیق کردہ بے شمار اشیاء میں بجلی، ریڈیو، موبائل فون، ہوائی جہاز، پرنٹر، اور موٹر قابل ذکر ہیں۔ ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے ذریعے ہم دنیا بھر کے حالات سے آشنا ہو سکتے ہیں۔ میلوں دور کے فاصلے اب ٹیلی فون اور سیل فون کی مدد سے منٹوں میں طے ہو جاتے ہیں۔ ذرائع آمد و رفت میں سائنس کا کردار بھی حیران کن ہیں۔ موٹر سائیکل، ریل گاڑی، ہوائی اور بحری جہاز، اور گاڑیوں جیسی ایجاد نے ہماری زندگیوں کو بے حد آسان بنا دیا ہے۔ سائنس کے میدان میں سب سے بڑی ایجاد بجلی ہے، جس نے پوری دنیا کے انسانوں کی کایا پلٹ دی ہے۔ بجلی کی وجہ سے ہی پوری دنیا میں صنعتی انقلاب برپا ہوا ہے۔ کارخانوں، گھروں اور دفاتر کی شہ رگ بجلی بن چکی ہے۔ مختلف مشینوں کی ایجاد نے صنعتی میدان میں بہت سی آسانیاں پیدا کی ہیں۔ کاشتکاری میں جہاں کسان کو انتھک محنت کرنی پڑتی تھی، مشینوں کے ذریعے اب وہ کام با آسانی کر لیا جاتا ہے۔ ٹیلی ویژن علم و تفریح دونوں کے میدان میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ سائنس کی ایک اور بڑی ایجاد کمپیوٹر ہے۔ اس سے ہم گھر بیٹھے دنیا بھر کی معلومات اکھٹی کر سکتے ہیں۔ میدان طب میں بھی سائنس نے لاتعداد جانیں بچائیں ہیں۔ سائنس کی ایجادات کا ذریعے اندھوں کو آنکھیں، بہروں کو کان اور لنگڑوں کو پاؤں فراہم ہو سکے۔ آپریشن کے مراحل آسان ہو گئے ہیں، اور بڑی بڑی بیماریوں کا منٹوں میں خاتمہ ہو جاتا ہے۔ ہیٹروں، لیمپوں اور گھڑیوں جیسی دیگر اشیاء نے ہماری زندگی کو آسان بنا دیا ہے۔

آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے لب پہ آ نہیں سکتا
محو حیرت ہوں دنیا کیا سے کیا ہو جائے

اب بات کرتے ہیں سائنس کے تاریکی پہلوؤں کی۔ علم سائنس نے جہاں ہزاروں جانیں بچائیں ہیں، وہیں بے شمار جانیں ضائع بھی کیں ہیں۔ سائنس کے ذریعے ایٹم بم کی ایجاد ممکن ہو سکی، جس کی وجہ سے سینکڑوں معصوم لوگ لقمہء اجل ہوئے۔ اتنی ساری سہولیات کی وجہ سے انسان آرام و سکون کا عادی ہو چکا ہے۔ اس نے محنت کرنی چھوڑ دی ہے اور سست اور کاہل ہو گیا ہے۔ نئی ایجادات کی وجہ سے روز ہزاروں لوگ بے روزگار ہو جاتے ہیں۔ سائنس کا ایک اور بڑا اثر یہ ہے کہ اس کے کرشموں کو دیکھ کر مادہ پرست ہوتے جا رہے ہیں۔ ان تمام سہولیات کا استعمال کرنے کے چکر کے جو منفی اثرات سامنے آ رہے ہیں ان میں ہوائی اور آبی آلودگی میں اضافہ، شور شرابہ، قدرتی توازن کا بکھرنا اور زمین کا درجۂ حرارت کا بڑھنا شامل ہے۔ یہ تمام عناصر سائنس کے تاریک پہلو ہیں۔

علم سائنس کی وجہ سے آج ہم دنیا کے ہر شعبے میں ترقی کر رہے ہیں۔ گھریلو استعمال کی چیزوں سے لے کر ایٹمی ٹیکنالوجی تک ہر چیز اپنے اندر کشش، حیرت اور خوف رکھتی ہے۔ جہاں سائنس نے میدان طب میں بہت سی جانیں بچائیں ہیں، وہیں کمپیوٹر کی ایجاد نے بہت سے لوگوں کو مشکل میں مبتلا کر دیا ہے۔ غرض یہ کہ بے شمار فوائد کے ساتھ بے شمار نقصانات بھی ہیں۔ اس لیے ہمیں چاہئے کہ ہم اس کا صحیح استعمال کریں اور اس کے تاریک پہلوؤں سے خود کو بچا کر رکھیں۔

میرے ذوق و تسخیر کے آگے
عناصر کا قلب و جگر کانپتا ہے

ہانیہ صارم، ہشتم بی

# نظم

اندھیروں میں اجالا چاہیے
زوال میں عروج کی کرن چاہیے
بس ایک عمر چاہیے، اک خالد وحیدر چاہیے
بس ایک عظیم، بہادر مسلمانوں کو لیڈر چاہیے
پھر نہ رہیں گے کفار نہ ان کی سفاک سازشیں
یہ جو اسلام دشمن سازشیں کرتے ہیں، نہیں آتے یہ کھل کے میدان میں
اصل میں یہ ڈرتے ہیں مرنے سے ہاتھوں مسلمان کے
بس ایک صلاح الدین، اک طارق و موسیٰ چاہیے
پھر لیں گے انتقام بدلے ہم، نہیں بھولے ہم
یاد ہے ہمیں فلسطین کے سسکتے بچے نم آنکھوں کے
شام اور برما کے بے بس مسلمانوں تک
کشمیریوں کے ماؤں کی آہ وزاری سے
نہیں بھولے ہم، اے-پی-ایس کے طالبعلموں تک
بس ایک قوت، اک طاقت اک ہمت چاہیے
بس ایک آواز، ایک صحیح حکمرانی چاہیے
بس بیداری کے لیے ایک گونج چاہیے
بس باہر نیام سے ایک تلوار چاہیے
بس ایک معظم سی مسلم امہ چاہیے
بس ایک ٹیپو، غزنوی و یوسف چاہیے

انیہہ ماہین
ہشتم-اے

# نظم

میں وہی اندلس ہوں
جو تمھای شان تھا میں وہی اندلس ہوں
جو تمھاری آن تھا میں وہی اندلس ہوں
جو طارق کی بنیاد تھا جو موسیٰ کی آواز تھا
جو آٹھ سو برس جی چکا میں وہی اندلس ہوں
جو خوں سے حاصل ہوا جہاں لہو بہایا
جہاں میرا غرناطہ تھا میں وہی اندلس ہوں
جو شیروں کا جہاں تھا بھیڑیوں نے لوٹ لیا
جہاں سرحدی عقاب تھایں وہی اندلس ہوں
جہاں مسجد قرطبہ اپنے پورے عروج پہ تھی
جہاں الحمرا ایسا تھا میں وہی اندلس ہوں
جہاں کی مشعلیں اب تو یورپ میں جلتی ہیں
جہاں پر زوال آیا میں وہی اندلس ہوں

مومنہ حریم
ہشتم اے

# نظم

قبل سفر یہ سوچ لو منزل ابھی کچھ دور ہے
جب چل پڑو پھر مت کہو منزل ابھی کچھ دور ہے
لمبا سفر رستہ کٹھن دشواریاں بھی کم نہیں
سب ساتھ مل کر چل پڑو منزل ابھی کچھ دور ہے
آپس کا اب سہارا ہمیں مطلوب ہے اس راہ میں
اگر گر پڑو پھر سے اٹھو منزل ابھی کچھ دور ہے
بڑھاؤ قدم میدان میں ہدایت ہے قرآن میں
بڑھے چلو نہیں رکو منزل ابھی کچھ دور ہے
یارو میرے! اس راہ میں گمراہ نہیں ہونا تمھیں
جب چل پڑو پھر ڈٹے رہو منزل ابھی کچھ دور ہے

مومنہ حریم
ہشتم اے

# نظم

ماہ رمضان کی آمد ہے
ماہ استغفار کی آمد ہے
سب کے لیے رحمت کی دعا ہے
وقت جنت حاصل کرنے کا ہے
رکھو روزے، مدد کرو سب کی
تقویٰ رکھو، خیال رکھو سب کا

انیبہ ماہین
ہشتم-اے